© rasailojaraid.com

تبصرہ کتب

تبصرہ نگار: محمد رمضان یوسف سلفی

خصائل محمدی ﷺ

شرح شمائل ترمذی

تالیف: الامام المحدث الکبیر ابی عیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی رحمۃ اللہ علیہ

تصحیح و تنقیح: علامہ ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ، تخریج، تشریح: فضیلۃ الشیخ ابو انس محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ تعالیٰ، شارح ترمذی و ابن ماجہ

صفحات: 471 قیمت: 200 روپے

ملنے کا پتہ: جامعہ تعلیم القرآن والحدیث ساہووالہ سیالکوٹ

سیرت مصطفیٰ ﷺ کا موضوع 14 صدیوں سے اہل قلم کی توجہ کا مرکز رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب تک اس عنوان پر سینکڑوں نہیں، ہزاروں کتابیں احاطہ تحریر میں لائی جا چکی ہیں۔ کسی قلم کار نے نبی علیہ الصلوٰۃ السلام کے حسن و جمال کا نقشہ کھینچا، کسی محب نے آپ ﷺ کے اخلاق و عادات کو موضوع سخن بنایا، کسی نے آپ ﷺ کی شجاعت و بہادری کے واقعات کو ضبط کتاب میں لانے کی سعی کی اور کسی نے آپ ﷺ کے جمیع اوصاف و کمالات کو صفحۂ قرطاس پر مرتسم کرنے کا فریضہ ادا کیا۔ غرض ہر کسی نے اپنے اپنے اسلوب میں نبی علیہ السلام کی سیرت طیبہ کے مختلف گوشوں کو اجاگر کر کے آپ ﷺ سے اپنی والہانہ محبت و عقیدت کا اظہار فرمایا۔ پیش نگاہ کتاب بھی اسی سلسلہ ذہب کی ایک اہم کڑی اور قابل قدر کاوش ہے۔ اس کے مصنف امام محمد بن عیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ، محدثین عظام میں بلند مقام و مرتبہ کے حامل ہیں۔ انہوں نے شمائل ترمذی مرتب کر کے امت مسلمہ پر احسان عظیم کیا ہے۔ شمائل ترمذی کو سیرت کی کتابوں میں مآخذ کی حیثیت حاصل ہے۔ اس کتاب میں نبی علیہ السلام کے اخلاق و عادات، حسن و جمال، رہن سہن، گھریلو معاملات، آپ کے لیل و نہار اور گفتار و کردار پر تفصیل سے گفتگو کی گئی ہے۔ کتاب میں شامل نبی علیہ السلام کے حالات و واقعات پڑھ کر قلب و ذہن میں فرحت و تازگی اور ایمان کی حلاوت واضح طور پر محسوس ہوتی ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ نبی علیہ السلام کے اسوہ حسنہ کی جھلک بھی نمایاں طور پر دیکھی جا سکتی ہے۔ یہ کتاب معلومات اور مشمولات کے اعتبار سے ''سیرت مصطفیٰ'' کا حسین مرقع ہے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے۔ شیخ القرآن والحدیث، مصنف کتب کثیرہ، شارح سنن الترمذی و ابن ماجہ، حضرت مولانا ابو انس محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ کو کہ انہوں نے اس عظیم کتاب کی اہمیت و وقعت کو دیکھتے ہوئے اس کا رواں دواں سلیس اردو ترجمہ کیا۔ وضاحت طلب مقامات پر مفید حواشی سپرد قلم کیے اور احادیث کی تحقیق و تخریج کر کے اس کتاب کو چار چاند لگائے۔ اس وقیع کام سے اس کتاب کے معنوی اور صوری حسن میں نہ صرف یہ کہ خوبصورتی پیدا ہوئی ہے۔ بلکہ اس کی افادیت بھی بڑھ گئی۔ محدثانہ طرز پر مرتب کردہ شمائل ترمذی کا یہ نسخہ عظیم محدث علامہ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ کی تحقیق سے بھی مزین و آراستہ ہے۔ بلاشبہ شمائل ترمذی کی یہ اردو شرح بہت سی علمی خوبیوں سے مزین کر کے منصۂ شہود پر لائی گئی ہے۔ کتاب کی طباعت عمدہ، کاغذ معیاری، کمپوزنگ کا عربی اردو خط خوبصورت، جلد بندی مضبوط گیٹ اپ جاذب نظر اور قیمت مناسب ہے۔

کتاب کے شروع میں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اور مترجم و شارح مولانا یحییٰ گوندلوی صاحب حفظہ اللہ کے حالات بھی دیئے گئے ہیں۔ امید ہے کہ علمی و ادبی اور مذہبی حلقوں میں شمائل ترمذی کی اس شرح اور ترجمہ کا خوش دلی سے استقبال کیا جائے گا۔ ہم لائق مترجم کی خدمت عالیہ میں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے یہ اہم علمی خدمت سرانجام دے کر محبان رسول ﷺ میں اپنا نام لکھوالیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس محنت کو شرف

© rasailojaraid.com